© rasailojaraid.com



مولانا عبدالوہاب حقانی

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی دورہ یورپ سے واپسی:۔

حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مورخہ ۲۴ اگست کو یورپ کے ایک ماہ کے دورہ سے واپس وطن تشریف لائے ۔ آپ بعض احباب اور تلامذہ اور جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کے دیرینہ اور پرزور اصرار پر وہاں جانے کیلئے آمادہ ہوئے تھے ۔ جن ممالک کا آپ نے دورہ کیا ان میں برطانیہ ، فرانس ، ہالینڈ اور اسپین شامل ہیں ۔ برطانیہ میں آپ نے ریڈیو بی بی سی کو ایک انٹرویو بھی دیا جو بی بی سی پشتو سروس سے نشر ہوا ۔ ان ممالک میں مختلف مقامات پر آپ کو استقبالیہ دیا گیا اور وہاں کے مسلمانوں نے بڑی توجہ اور دلچسپی سے آپکی تقاریر سماعت کیں ۔ ان ممالک میں جہاں جہاں مسلمان ہیں دارالعلوم حقانیہ اور حضرت الشیخ مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ کے مداحوں اور عقیدت کیشوں کی ایک بڑی تعداد ہے ۔ دارالعلوم کے فضلاء اور حضرت الشیخ کے متنسبین الحمدللہ یورپ کے ہر ملک میں موجود ہیں ۔ اور اپنے علم و عمل سے دین متین کی بھرپور خدمت اور اشاعت میں مصروف ہیں ۔ انہوں نے ہر جگہ حضرت مولانا کو خوش آمدید کہا اور ان کی آمد کو اپنی خوش بختی قرار دیا ۔ آپ دنیا کے سب سے بڑے عبرت کدے اسپین بھی گئے اور مسلمانوں کے عظمت رفتہ کی عظیم ترین نشانی " مسجد قرطبہ " کی بھی زیارت کی ۔ اور وہاں نماز بھی پڑھی ۔ آپ کے دورے کے تاثرات پر مبنی ایک مفصل مضمون اگلے شمارہ میں شائع کیا جائیگا (انشاء اللہ)

## ششماہی امتحان کا انعقاد:۔

گذشتہ ماہ دارالعلوم کے ششماہی امتحانات منعقد ہوئے ۔ اس مرتبہ دارالعلوم کے طلباء کو ایک مہینہ افغانستان کے جہاد کیلئے رخصت دیئے جانے کے باعث سہ ماہی امتحان نہیں ہوسکا تھا ۔ لہذا مجلس شوریٰ نے فیصلہ کیا کہ ششماہی امتحان اپنی مدت سے قبل منعقد کیا جائے ۔ امتحان " ایوان شریعت " کے نئے وسیع ہال میں لیا گیا دارالعلوم کے تمام طلباء بیک وقت ایک ہی مرتبہ پہلی دفعہ اس نئے ہال میں انہوں نے امتحان دیا ۔ اور باقاعدہ وفاق المدارس العربیہ کے امتحانات کے طرز



© rasailojaraid.com